# The Islamia University of Bahawalpur

**Bidding Auction Form**

1. Name of Person: ________________________________________________
2. Mailing address: ______________________________________________________________
3. Phone No: ___________________________ 4. Fax No: ______________________________
5. CDR No. & Amount _____________________ 6. Income Tax No. ______________________
7. CNIC No:_________________________________________________________________

The Interested parties can come and see the auction of Department of Horticulture, commodities, The Islamia University of Bahawalpur during office hours before the auction day.

## شرائط نیلامی درج ذیل ہیں

1. ہر بولی دہندہ کو بولی دینے سے پہلے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور (کال ڈیپازٹ) بطور زرضمانت (قابل واپسی) جمع کروانا ہوگا جو کہ کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ سب کے لیے قابل واپسی ہو گا ۔
2. کامیاب بولی دہندہ کل مالیت کا 10فیصد (فائلر) اور 20 فیصد (نان فائلر) بطور انکم ٹیکس اور دیگر گورنمنٹ کے مروجہ ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔
3. کامیاب بولی دہندہ سے فصلات ،باغات اور وزن دار اجناس کے Estimateوزن کا 1/3 موقع پر اور بقیہ رقم کا 90 فیصد بولی کے دو (2) دن(48گھنٹے) کے اندر جمع کروائے گا اور بقیہ رقم بوقت وزن کنڈا /موقع پر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔
4. کامیاب بولی دہندہ ورک آرڈر ، دئیے گئے وقت کے اندر اپنی جنس اٹھانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر ادارہ بولی منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا۔
5. اجناس /باغات سیریل نمبر 4 تا 8 کو یونیورسٹی پانی فراہم کرے گی۔ بولی دہندہ سے کسی قسم کا آبیانہ نہ لیا جائے گا۔
6. کامیاب بولی دہندہ اجناس سیریل نمبر 1تا 8کو سیزن 2025ء نیلامی کمیٹی کے دئیے گئے وقت کے مطابق برداشت کرنے کا مجاز ہوگا۔
7. باغات سیریل نمبر 9و 10 عرصہ 3 سال کے لیے دئیے جائیں گے۔ کامیاب بولی دہندہ باغ کو کسی قسم کا نقصان پہنچائے بغیر Intercropping سکے گا۔ **نیز دوران معاہدہ آبیانہ اور ٹربائن کے پانی کی قیمت ادا کرنے کا پابند ہوگا ۔**
**(مزید یہ کہ دوسرے سال 15فیصد اور تیسرے سال 20 نیلامی رقم میں اضافہ کیا جائے گا)**
8. بولی نیلامی کے بعد ادارہ کسی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا ۔
9. نیلامی کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی ایک بولی یا ساری کارروائی کو بغیر وجہ بتائے منسوخ کر دے۔

**Advertised by: Chairman Auction Committee Faculty Agriculture & Environment, The Islamia University of Bahawalpur Phone No. 062 9255531, 03004989035**

# The Islamia University of Bahawalpur

**Bidding Auction**
**Form**

1. Name of Person: ____________________________________________
2. Mailing address: ____________________________________________
3. Phone No: ____________________ 4. Fax No: ____________________
5. CDR No. & Amount ________________ 6. Income Tax No. ________________
7. CNIC No: ____________________________________________

The Interested parties can come and see the auction of Department of Horticulture, commodities, The Islamia University of Bahawalpur during office hours before the auction day.

## معاہدہ و شرائط نیلامی سٹرس ،امرود فالسہ آڑو، آم ،مکئ،گندم،جئ

1. نیلامی میں حصہ لینے کے لیے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور مبلغ **سٹرس20000 ،امرود 15000،فالسہ10000، آڑو+ آم10000 ،مکئ15000،گندم50000،جئ 10000** زرضمانت جمع کروانے ہوں گے جو ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے واپس کر دئیے جائیں گے اور کامیاب بولی دہندہ کو یہ رقم مدت معاہدہ ختم ہونے یا معاہدہ کی منسوخی کے بعد واجب الادا رقم کی کٹوتی کرکے واپس کر دی جائے گی .
2. کامیاب بولی دہندہ ،بولی کی منظوری کے 15یوم کے اندر بولی نیلامی کی رقم جمع کرانے کا پابند ہو گا۔ نیز کامیاب بولی دہندہ بولی نیلامی کے بعد معاہدہ سے روگردانی کرتا ہے یا معاہدے کی مدت ختم ہونے سے پہلے اگر معاہدہ منسوخ کرتا ہے تو اس کی زر ضمانت بحق یونیورسٹی ضبط ہوگی ۔
3. نیلامی کی مدت ختم ہونے کے بعد بولی دہندہ کو کوئی حق نہیں ہو گا اور باغات یونیورسٹی کے حوالہ کرنا ہوگی ۔
4. بولی دہندہ نیلامی رقم کے علاوہ آبیانہ لوکل ریٹ ، عشرہ گورنمنٹ کی طرف سے عائد کردہ زرعی ٹیکس ، انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس بعد از بولی نیلامی (فائلر و نان فائلرکے حساب سے ) جو حکومت کی طرف سے دوران معاہدہ عائد ہوں گے ادا کرنے ہوں گے ۔ عدم ادائیگی کی صورت میں باغات سے بے دخل کرکے فروٹ کو بحق یونیورسٹی ضبط کرلیا جائے گا۔
5. نیز دوسرے سال 15فیصد اور تیسرے سال 20 نیلامی رقم میں اضافہ کیا جائے گا۔
6. بولی دہندہ نہری پانی اپنے باغ میں ہی لگائے گا یونیورسٹی سے باہر پرائیویٹ رقبہ میں نہری پانی لگانے کی صورت میں مذکورہ ٹھیکیدار کی سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی اور معاہدہ منسوخ کرکے باغ بحق یونیورسٹی ضبط کرلی جائے گی ۔
7. بولی دہندہ کو نہری پانی کا آبیانہ فی ایکڑ کے حساب سے جمع کرانا ہوگا ۔
8. ہر بولی دہندہ یونیورسٹی کی طرف سے دی گئی وارہ بندی پر عمل کرنے کا پابند ہو گا اور یونیوسٹی کو حق حاصل ہوگا کہ وہ وارہ بندی سات (7) دن کے نوٹس پر تبدیل کر سکتی ہے ۔ کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں چیئرمین ایگری کلچر آکشن کمیٹی کی طرف سے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں اس کی زر ضمانت روک لی جائے گی ۔
9. بولی دہندہ نہر کی وارہ بندی کی صورت میں یونیورسٹی ٹربائن /لفٹ پمپس کا پانی قیمتاً لینے کی صورت میں یونیورسٹی کے طے کردہ فی گھنٹہ ریٹ کے حساب سے ادا کرنے کے کا پابند گا اور یہ کہ یونیورسٹی سہ ماہی بنیادوں پر ریٹ کو تبدیل کرنے کی مجاز ہو گی ۔
10. بولی دہندہ اپنے بولی شدہ باغ کی خود حفاظت کرے گا کسی بھی طرح کے ہونے والے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا یونیورسٹی پر کسی قسم کی کوئی ذمہ داری عائد نہ ہو گی ۔
11. زمین پر لگے ہوئے پھل دار درخت یا پہلے سے لگائے پودے اور باڑھ وغیرہ اور آئندہ سے لگائے جانے والے تمام پودہ جات یونیورسٹی کی ملکیت ہوں گے ۔بولی دہندہ ان پودوں کو پانی دینے اور حفاظت کرنے کا پابند ہوگا ۔ کسی قسم کا درخت کاٹ یا بیچ نہیں سکے گا ۔ تاہم پھل دار درخت کے صرف پکے ہوئے پھل اپنے وقت معاہدہ میں برداشت کرے گاخلاف ورزی کی صورت میں یونیورسٹی تادیبی کاروائی و جرمانہ عائد کرنے کی مجاز ہوگی۔
12. بولی دہندہ کسی بھی پھل دار ، پھول دار یا سایہ دار درخت کو بذریعہ جانوریا مشینری نقصان پہنچانے کی صورت میں نقصان کی تلافی بذریعہ کمیٹی کے نمائندگان کی تفصیلی مشاہدہ رپورٹ کے مطابق نقصان کی رقم ادا کرنے کا پابند ہوگا ۔ ادائیگی رقم نہ کرنے کی صورت میں کمیٹی و یونیورسٹی کے مختص کردہ نمائندگان کی تجویز پر جرمانہ کی رقم سیکورٹی سے منہا کی جائے گی۔
13. بولی دہندہ اپنا عارضی و مستقل پتہ و شناختی کارڈ نمبر برائے خط و کتابت دے گا۔ پتہ کی تبدیلی کی صورت میں آفیسر مجاز کو فوراً مطلع کرے گا۔
14. باغات میں بولی دہندہ خود موجود رہے گا یا پھر تحریری طور پر کسی بااختیار نمائندے و مزدور کو مقرر کرے گا اور ان کی سیکورٹی کلیئرنس برائے داخلہ یونیورسٹی کرانے کا پابند ہو گا ۔نیز یہ کہ ان کا سیکورٹی پاس کی کاپی سیکورٹی ڈویژن سے جاری کروا کر فارم مینجمنٹ آفس جمع کرائے گا ۔

15. دوران معاہدہ بولی دہندہ یا اس کا بااختیار نمائندہ /کارندے کسی قسم کی بدسلوکی یا غیر دیانتداری کے مرتکب پائے گئے تو ایسی صورت میں یونیورسٹی ایگری کلچر نیلامی کمیٹی کا سیکرٹری کے خلاف تادیبی کارروائی کمیٹی میں پیش کرے گا اور کمیٹی کی کسی بھی کارروائی کو بولی دہندہ کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کر سکے گا ۔

16. یہ کہ بولی دہندہ یونیورسٹی کی طرف سے جاری شدہ ہدایات وصول کر کے اپنے کارندوں کے افعال و کردار کو پابند کرے گا اور کسی بھی قانونی و معاہدہ یونیورسٹی کی خلاف ورزی کا خود ذمہ دار ہو گا۔

17. مدت معاہدہ کے اختتام پر بولی دہندہ کو باغ کا قبضہ سیکرٹری ایگری کلچر آکشن کمیٹی یا یونیورسٹی نمائندہ کے حوالے کرنا ہو گا ۔ مدت معاہدہ کے بعد باغ وغیرہ پر اس کاکوئی حق نہیں ہوگا ۔

18. بولی دہندہ یونیورسٹی کے کسی بھی املاک کے اور ضابطہ کار کی خلاف ورزی کی صورت میں چیئر مین ایگری کلچر آکشن کمیٹی کی طرف سے عائد کردہ جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہو گا ۔ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں اس کی زر ضمانت روک لی جائے گی۔

19. معاہدہ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کرنے پر ایگری کلچر آکشن کمیٹی یا یونیورسٹی کی طرف سے مقرر کردہ نمائندگان بولی نیلامی منسوخ کر سکتے ہیں۔

20. یونیورسٹی انتظامیہ اور ایگری کلچر آکشن کمیٹی کسی بھی بولی دہندہ کو کسی بھی شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی شکل میں بلیک لسٹ کرسکتی ہے اور آئندہ وہ کسی بھی آکشن میں حصہ نہیں لے سکے گا ۔ مزید برآں یونیورسٹی انتظامیہ کا فیصلہ حتمی ہو گا اور بولی دہندہ کسی قسم کی عدالتی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گا ۔

21. بولی دہندہ تمام بالا شرائط پر عمل درآمد پر سختی سے پا بند ہو گا ۔ کسی شکایت کی صورت میں بذریعہ چیرمین ہارٹیکلچر آفس مطلع کرے گا ۔ چیرمین ہارٹیکلچر آفس کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کارروائی کرے گا یا کمیٹی کو سفارش کرے گا۔

22. تنازعہ کی صورت میں معاملہ یونیورسٹی کی ایگری کلچر آکشن کمیٹی کے سامنے پیش کرے گا ۔ کمیٹئ سے اتفاق نہ کرنے کی صورت میں اپنا معاملہ جناب وائس چانسلر صاحب کو ثالثی کے لیے پیش کرے گا ۔ اور ان کا فیصلہ حتمی ہو گا اور کسی قسم کی عدالتی چارہ جوئی قابل قبول نہیں ہو گی ۔

23. ایگری کلچر نیلامی کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وقتاً فوقتاً شرائط میں کسی شق کی ضروری تبدیلی/ترمیم یا منسوخ کر سکے۔

24. ایگری کلچر نیلامی کمیٹی کو یہ بھی اختیار حاصل ہوگا کہ دوران نیلامی ریزورپرائس میں کسی طرح کی تبدیلی کر سکے ۔

25. کامیاب بولی دہندہ معاہدہ کی شرائط و قوانین و ضوابط کا پابند ہو گا ۔

26. نیلامی کی حتمی منظوری جناب وائس چانسلر کے حکم کے تابع ہو گی ۔

**Advertised by: Chairman Auction Committee ,Faculty Agriculture & Environment, The Islamia University of Bahawalpur**

**Phone No. 062 9255531, 03004989035**